روزنامہ

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

جمعرات 18دسمبر 2008ء 19ذوالحج 1429ہجری 18فتح 1387ہش جلد 58-93 نمبر 285

مال اور عزت کی حرص

حضرت کعب بن مالکؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا: دو بھوکے بھیڑیئے اگر بکریوں میں چھوڑ دیئے جائیں تو اتنا فساد اور خرابی نہ کریں جتنا انسان کے مال اور عزت کی حرص اس کے دین کو خراب کرتی ہے۔

(جامع ترمذی کتاب الزہد باب اخذ المال بحقہ حدیث نمبر :2297)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

نجات ہے کیا چیز؟ نجات کی حقیقت تو یہی ہے کہ انسان گناہوں سے بچ جاوے اور فاسقانہ خیالات آ آ کر دل کو سیاہ کرتے ہیں ان کا سلسلہ بند ہو کر سچی پاکیزگی پیدا ہو۔ (ملفوظات جلد دوم ص 1)

بدکرداریوں سے نجات اسی وقت حاصل ہو سکتی ہے جبکہ یہ بصیرت اور معرفت پیدا ہو کہ خدا تعالیٰ کا غضب ایک ہلاک کرنے والی بجلی کی طرح گرتا اور بھسم کرنے والی آگ کی طرح تباہ کر دیتا ہے۔ تب عظمت الٰہی دل پر ایسی مستولی ہو جاتی ہے کہ سب افعال بد اندر ہی اندر گداز ہو جاتے ہیں۔ پس نجات معرفت میں ہی ہے معرفت ہی سے محبت بڑھتی ہے۔ اس لئے سب سے اول معرفت کا ہونا ضروری ہے۔

(ملفوظات جلد سوم ص 315)

چونکہ نجات کوئی مصنوعی اور بناوٹی بات نہیں کہ صرف زبان سے کہہ دینا اس کے لئے کافی ہو کہ نجات ہو گئی اس لئے ( ) نے نجات کا یہ معیار رکھا ہے کہ اس کے آثار و علامات اسی دنیا میں شروع ہو جائیں اور بہشتی زندگی حاصل ہو۔ لیکن یہ صرف ( ) ہی کو حاصل ہے باقی دوسرے مذاہب نے جو کچھ نجات کے متعلق بیان کیا ہے وہ یہی نہیں کہ اللہ تعالیٰ کی صفات کا معطل ہے جبکہ فطرت انسانی کے خلاف اور عقلی طور پر بھی ایک بیہودہ امر ثابت ہوتا ہے۔ وہ نجات ایسی ہے کہ جس کا کوئی اثر اور نمونہ اس دنیا میں ظاہر نہیں ہوتا۔ اس کی مثال اس پھوڑے کی سی ہے جو باہر سے چمکتا ہے اور اس کے اندر پیپ ہے۔ نجات یافتہ انسان کی حالت ایسی ہونی چاہئے کہ اس کی تبدیلی نمایاں طور پر نظر آوے اور دوسرے تسلیم کرلیں کہ واقعی اس نے نجات پالی ہے اور خدا نے اس کو قبول کر لیا ہے۔

(ملفوظات جلد سوم ص 389)

نجات ابدی اسی کے ساتھ وابستہ ہے جو خدا تعالیٰ کی معرفت محبت اور صدق و وفاداری کے تعلق پیدا کرنے سے ملتی ہے۔ یہاں تک تو سب مذاہب متفق ہیں وہ نجات کا یہی ذریعہ سمجھتے ہیں مگر سوال یہ ہے کہ یہ باتیں حاصل کیونکر ہوں؟ یہی وہ مقام ہے جہاں سے مذاہب کا تفرقہ شروع ہوتا ہے۔ اب جس مذہب نے حصول نجات کے عمدہ وسائل پیدا کئے ہیں اور جو مذہب تاثیر اور جذب اور کشش اپنے اندر رکھتا ہے۔ وہ سچا ہے لیکن جس مذہب کے اندر وہ تاثیر اور جذب نہیں جس کی عملی تاثیروں کا کوئی نمونہ پایا نہیں جاتا وہ خواہ خدا تعالیٰ کو واحد ہی کہے لیکن جھوٹا ہے۔ (ملفوظات جلد چہارم ص 348)

سچا......اور مذہب وہی ہو سکتا ہے جو خدا تعالیٰ کی ہستی کا ثبوت دے جو سننے کا ثبوت دیتا ہے وہ بولنے کا بھی دیتا ہے اس معیار پر آ کر صرف ( ) ہی ہے جو سچا ثابت ہوگا۔ (ملفوظات جلد چہارم ص 349)

مجلس افتاء کے اراکین

یکم دسمبر 2008ء تا 30نومبر 2009ء مجلس افتاء کے مندرجہ ذیل اراکین ہوں گے۔

1۔محترم شیخ مظفر احمد صاحب ظفر
2۔محترم مبشر احمد صاحب کاہلوں
3۔محترم سید میر محمود احمد ناصر صاحب
4۔محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد
5۔محترم نواب منصور احمد خان صاحب
6۔محترم مولانا سلطان محمود صاحب انور
7۔محترم صاحبزادہ مرزا غلام احمد صاحب
8۔محترم سید عبدالحی شاہ صاحب
9۔محترم مرزا محمد الدین صاحب ناز
10۔محترم ڈاکٹر محمد علی خان صاحب
11۔محترم حافظ مظفر احمد صاحب
12۔محترم راجہ نصیر احمد صاحب
13۔محترم چوہدری محمد صدیق صاحب
14۔محترم عبدالسمیع خان صاحب
15۔محترم ملک جمیل الرحمٰن صاحب رفیق
16۔محترم سید مبشر احمد صاحب ایاز
17۔محترم سید میر قمر سلیمان احمد صاحب
18۔محترم سید محمود احمد شاہ صاحب
19۔محترم وقار احمد خان صاحب ایڈووکیٹ
20۔محترم سید حمید اللہ نصرت پاشا صاحب
21۔محترم مبارک مصلح الدین احمد صاحب
22۔محترم سید قاسم احمد شاہ صاحب

ان کے علاوہ محترم رفیق احمد حیات صاحب (امیر جماعت انگلستان) اور محترم عبدالوہاب آدم صاحب (امیر جماعت غانا) اس مجلس کے اعزازی رکن ہوں گے۔ اس مجلس کے صدر محترم شیخ مظفر احمد صاحب ظفر اور سیکرٹری محترم مبشر احمد صاحب کاہلوں ہونگے۔ اس کے علاوہ مجلس کو یہ بھی اختیار ہوگا کہ وہ دوسرے ممالک کے صاحب علم احمدیوں کو مجلس کا اعزازی ممبر بنانے کیلئے میرے پاس سفارش کرے۔ والسلام

خلیفۃ المسیح الخامس

14-12-08 لندن

تبصرہ

سوونیئر خلافت احمدیہ صد سالہ جوبلی

جامعہ احمدیہ جونیئر سیکشن ربوہ

صدر کمیٹی: محترم راجہ منیر احمد خان صاحب ۔ پرنسپل
سیکرٹری کمیٹی و مدیر: محترم راجہ برہان احمد صاحب طالع
ضخامت: 64 صفحات
رنگین تصاویر: 34 صفحات

خلافت احمدیہ صد سالہ جوبلی کے مبارک موقع پر جامعہ احمدیہ جونیئر سیکشن کا علمی، ادبی، تعلیمی، تربیتی اور خلافت کے موضوعات پر مشتمل تاریخی تصاویر، مضامین اور نظموں کو سموئے ہوئے سوونیئر منظر عام پر آگیا ہے۔ اس مجلّہ کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ طلباء اور نوجوانوں کی تعلیم و تربیت کو مدنظر رکھتے ہوئے خلافت کے حوالے سے ایسی تحریرات، معلومات اور تصاویر شامل اشاعت کی گئی ہیں جو ان کے مزاج، عمر اور تعلیم میں جلا بخشنے والی ہیں۔

اس سوونیئر کے ٹائٹل نمبر 1 پر سیاہ بیک گراؤنڈ پر خلافت احمدیہ صد سالہ جوبلی کا لوگو (Logo) اور خلافت جوبلی کے موقع پر جامعہ احمدیہ جونیئر سیکشن میں ہونے والے چراغاں کا خوبصورت منظر آویزاں کیا گیا ہے۔

زیر تبصرہ مجلّہ کے مضامین پر اگر نظر ڈالی جائے تو اس میں تعلیمی تربیتی اور خلافت کے موضوع کے لحاظ سے بہت تنوّع ہے۔ آغاز میں سورۃ النور کی آیات 57,56,55 ترجمہ کے ساتھ درج کی گئی ہیں۔ خلافت کے حوالے سے آنحضرت ﷺ کے فرمان بھی قابل مطالعہ ہیں۔

سیدنا حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

میرے بعد بعض اور وجود ہوں گے جو دوسری قدرت کا مظہر ہوں گے۔

خلافت کے حوالے سے دوپُر معارف ارشادات اور ساتھ ہی حضرت مسیح موعود کی شبیہ مبارک مجلّہ کو چار چاند لگا رہے ہیں۔ اس سوونیئر کی خاص بات سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس کے لئے خصوصی پیغام ہے جو حضور انور نے ازراہ شفقت ارسال فرمایا ہے۔ اس وقیع پیغام کے آخر پر حضور انور طلباء جامعہ احمدیہ کو مخاطب کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ:

آپ روحانیت میں، علم میں، اطاعت میں اور اخلاص میں اعلیٰ معیار حاصل کریں تا کہ آپ خلیفہ وقت کے حقیقی رنگ میں سلطان نصیر بن سکیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو ان باتوں پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

محترم چوہدری حمید اللہ صاحب وکیل اعلیٰ تحریک جدید کا بھی مختصر پیغام شامل اشاعت ہے۔ خلفاء راشدین اور خلفاء سلسلہ احمدیہ کا تعارف، وقف زندگی، خلفاء احمدیت کے قبولیت کے واقعات، خلفاء احمدیت کے رویا و کشوف، خلفاء احمدیت کی طرف سے بنی نوع انسان کی خدمت، خلفاء سلسلہ کی جامعہ احمدیہ میں تشریف آوری، خلفاء سلسلہ کی مربیان سلسلہ کو نصائح۔ بعض ابتدائی مربیان کی قربانیوں کا تذکرہ اور جامعہ احمدیہ جونیئر سیکشن کے شب و روز جیسے تحقیقی، علمی اور محنت سے تیار کئے گئے مضامین اس مجلّہ کو ممتاز کرتے ہیں۔ اس کے آخر پر محترم راجہ منیر احمد خان صاحب پرنسپل جامعہ احمدیہ جونیئر سیکشن کا طلباء جامعہ کے نام پیغام بھی موجود ہے جس میں طلباء کو خلافت کے حوالے سے نصائح کی گئی ہیں۔

زیر تبصرہ سوونیئر میں نظموں کی طرف بھی خاص توجہ دی گئی ہے۔ حضرت مسیح موعود، حضرت خلیفۃ المسیح الثانی، حضرت خلیفۃ المسیح الرابع اور جماعت کے چوٹی کے شعراء کا کلام اس کے رنگوں کو جلا بخش رہا ہے۔ اگر تصاویر کی بات کی جائے تو یہ برملا کہا جاسکتا ہے کہ اس کی تیاری میں مضامین کے ساتھ ساتھ تصاویر کے چناؤ پر بھی توجہ دی گئی ہے۔ حضرت مسیح موعود، خلفاء سلسلہ، پرنسپل صاحبان جامعہ احمدیہ اور بزرگان سلسلہ کے علاوہ جامعہ احمدیہ جونیئر سیکشن ربوہ کی عمارات اور سال بھر میں ہونے والی تقریبات اور کھیلوں کی تصاویر اس طرح سیٹ کی گئی ہیں کہ اگر صرف تصاویر میں سے گزریں تو ان میں حسن ترتیب نمایاں ہے۔ جملہ اساتذہ، کارکنان اور طلبا جامعہ احمدیہ کی تصاویر بھی مختلف گروپس میں شامل اشاعت ہیں۔

یہ مجلّہ بلا شبہ خلافت کے موضوع پر ایک ایسی دستاویز ہے جو مطالعہ کرنے سے تعلق رکھتی ہے اور یقیناً یہ طلباء جامعہ کے لئے ایک قیمتی خزانہ سے کم نہیں جو آنے والے وقت میں یہ احساس دلاتا رہے گا کہ خلافت احمدیہ کی پہلی صدی کی خوشیاں اللہ تعالیٰ کے حضور شکرانہ ادا کرتے ہوئے منائی گئی ہیں۔ اللہ تعالیٰ اس سوونیئر کی کمیٹی کے جملہ ممبران کو جزائے خیر عطا فرمائے جنہوں نے محنت و جانفشانی سے اس کو زیور طبع سے آراستہ کیا ہے۔ (ایف شمس)

درخواست دعا

مکرم ریاض احمد چودھری صاحب ناصر آباد شرقی ربوہ تحریر کرتے ہیں کہ خاکسار مختلف عوارض میں مبتلا ہے۔ ٹانگوں میں شدید درد کی وجہ سے چلنے پھرنے سے معذور ہے۔ احباب جماعت سے شفاء کاملہ و عاجلہ کیلئے درخواست دعا ہے۔

مکرم مبارک طاہر صاحب صاحب سیکرٹری مجلس نصرت جہاں

احمدیہ ہسپتال پاراکو بینن

کی نئی عمارت کا افتتاح

مغربی افریقہ کے ایک چھوٹے سے ملک بینن میں مجلس نصرت جہاں کے تحت طبی خدمات کا آغاز 1999ء میں ہوا۔ مکرم ڈاکٹر عبد الوحید خادم صاحب حال فضل عمر ہسپتال ربوہ کو اس ملک میں نصرت جہاں سکیم کا بانی ڈاکٹر ہونے کا اعزاز حاصل ہوا۔ مکرم ڈاکٹر صاحب نے مورخہ 26 جون 1999ء کو پورٹونوو کے مقام پر ہسپتال کا آغاز کیا۔ اس کے بعد 2003ء میں کوٹونو کے مقام پر مجلس نصرت جہاں کی طرف سے دوسرا احمدیہ ہسپتال کھولا گیا۔

پھر جون 2005ء میں تیسرا احمدیہ ہسپتال، پاراکو کے مقام پر عارضی بلڈنگ میں شروع کیا گیا۔ مورخہ 31 جولائی 2008ء کو بفضل اللہ تعالیٰ اس ہسپتال کی اپنی بلڈنگ کا شاندار افتتاح ہوا ہے۔ ہسپتال کی اس بلڈنگ کا سنگ بنیاد سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنے دورہ بینن 2004ء کے دوران رکھا۔ یہ 60 بیڈز پر مشتمل Butterfly شکل کی خوبصورت عمارت ہے جس میں جنرل میڈیسن، میٹرنٹی، چلڈرن وارڈ، آپریشن تھیٹر، الٹرا ساؤنڈ، ای سی جی، لیبارٹری، آئی سی یو، آؤٹ ڈور، انڈور اور ایمرجنسی سہولیات کے علاوہ ایک چھوٹا سا پارک بھی موجود ہے۔ نیز سرجن اور چائلڈ سپیشلسٹ ڈاکٹرز کے وزٹ کا بھی انتظام موجود ہے۔

اس شاندار افتتاحی تقریب میں منسٹر آف ہیلتھ مکرم جناب Dr. Kessile Tchala Sare اور نمائندہ میئر کے علاوہ دیگر 250 سے زائد افراد نے شرکت کی۔ جن میں نارتھ ریجن کے بڑے بڑے ڈاکٹرز، فارماسسٹس، ہیلتھ آفیسر، پاراکو میں نائیجیرین ایسوسی ایشن کے پریذیڈنٹ، جناب منسٹر صاحب کے ساتھ ڈائریکٹر کیبنٹ، نائب ڈائریکٹر کیبنٹ ہیلتھ اور شہر کے مشہور تاجر حضرات نے بھی شرکت کی۔

تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ نمائندہ میئر نے اپنی تقریر میں اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس وقت تک کسی بھی ملک کی ترقی نہیں ہوسکتی جب تک کہ خدمت خلق کا عمدہ جذبہ نہ ہو اور ہمارے ملک میں صحت کے حوالے سے جو خدمات جماعت بجالا رہی ہے اس کی قیمت نہیں چکائی جاسکتی ...... ہم دعا گو ہیں کہ اس احمدیہ ہسپتال کی برکات اور شفاء عالمگیر ہو۔ پھر جناب منسٹر آف ہیلتھ Dr. Kessile Tchala Sare نے اپنی تقریر میں جماعت احمدیہ کے واقفین کا ذکر کرتے ہوئے اپنے خیالات کا اظہار کچھ یوں کیا کہ ”میں شکرگزار ہوں ان لوگوں کا جو بہت دور سے آئے ہیں۔ محض ہماری مدد کرنے کے لئے اور ہمارے ساتھ مل کر کام کرنے کے لئے۔ انہوں نے اپنے خاندانوں اور عزیز و اقربا کو چھوڑا اور خدا کی راہ اختیار کی اور دکھی انسانیت کی خدمت کے لئے ہمہ تن مشغول ہوگئے“۔

”جب میں ان کی خدمات دیکھتا ہوں تو سوچتا ہوں کہ آیا میں ان کے ساتھ کھڑا بھی ہوسکتا ہوں یا ان کے ساتھ نظر ملا کر بات کرنے کا درجہ بھی رکھتا ہوں کہ جو لوگ محض اللہ اور محبت الٰہی کے خوف سے انسانی خدمات میں سرشار ہیں“۔...... نیز فرمایا کہ چونکہ اللہ تعالیٰ کے 99 ناموں میں سے ایک نام شافی بھی ہے۔ اس لئے ہم دعا کرتے ہیں کہ اس کا یہ نام اس ہسپتال کے ذریعہ بھی قائم رہے اور اس میں اللہ تعالیٰ کی شفا جھلکتی نظر آئے۔

تقریب کے اختتام پر معزز مہمانوں کی ریفریشمنٹ کا بھی انتظام کیا گیا۔ اس تقریب کی رپورٹ کو ملک کے دو بڑے انٹرنیشنل ٹیلی ویژن LC:2 اور Canal TV نے ہفتہ میں چھ مرتبہ نشر کرکے خوب کوریج دی۔ اس کے علاوہ ملک کے اخبارات میں بھی اس کی خبریں شائع ہوئیں۔

اس ہسپتال کے بانی مکرم ڈاکٹر خاور منصور صاحب ہیں جو مارچ 2005ء میں پہلی بار بینن تشریف لے گئے۔ جون 2005ء میں اس ہسپتال نے کام شروع کیا اور اب مکرم ڈاکٹر صاحب کی نگرانی میں تعمیرات کا کام مکمل ہوا ہے۔

احباب جماعت سے اس ہسپتال کی کامیابی اور جماعت کی نیک نامی میں اضافے کا موجب بننے کے لئے درخواست دعا ہے۔

سیمینار برائے صحت عامہ

مکرم ڈاکٹر مرزا امین بیگ صاحب آرتھو پیڈک سرجن امریکہ مورخہ 20 دسمبر 2008ء کو بوقت 4:00 بجے شام فضل عمر ہسپتال کے سیمینار ہال میں ایک سیمینار Conduct کرینگے۔ اس سیمینار کا مقصد جوڑوں، ہڈیوں اور کمر درد کی وجوہات اور علاج معالجہ کے متعلق عوام الناس کو مفید معلومات بہم پہنچانا ہے۔ احباب و خواتین سے گزارش ہے کہ اس سے استفادہ فرمائیں اور استقبالیہ ہسپتال سے رابطہ کر کے دعوت نامہ حاصل کرلیں۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

حضرت شیخ خدا بخش صاحب لائلپوری رفیق حضرت مسیح موعود

آپ نے 1904ء میں لائلپور (فیصل آباد) میں احمدیت کی بنا ڈالی

مکرم ملک محمد شریف صاحب لائلپوری

(قسط اول)

والد صاحب کی لائل پور میں آمد

گو والد صاحب 1900ء میں ہی لائل پور آ گئے تھے مگر مستقل سکونت 1904ء میں اختیار کی اور پھر تا وفات یہیں پر مقیم رہے۔ والد صاحب ضلع لائل پور کے ابتدائی احمدی تھے۔ بعد میں جناب چوہدری محمد عبداللہ خاں صاحب بہلولپوری، اپنے گاؤں بہلولپور ضلع سیالکوٹ سے لائل پور سے 20 میل اور ریلوے سٹیشن سلار والہ سے 3 میل دور ایک گاؤں میں آباد ہوئے جو کہ اب بہلولپور کہلاتا ہے اور وہاں پر جماعت احمدیہ قائم ہے۔ اسی طرح لائل پور سے 10 میل اور چک جھمرہ ریلوے سٹیشن سے 2 میل دور ایک گاؤں تلونڈی میں جناب چوہدری غلام حسین صاحب مرحوم آباد ہوئے جو کہ منٹگمری سے آئے تھے۔ اس طرح پر 3 افراد شروع شروع میں ضلع لائل پور میں آباد ہوئے۔ لائل پور شہر احمدیت کا ایک مرکز بن گیا۔ حضرت والد صاحب نے ہمت اور دلیری سے احمدیت کا پیغام جاری رکھا۔ وقتاً فوقتاً سلسلہ عالیہ احمدیہ کے علماء کرام لائل پور تشریف لاتے اور چھوٹے چھوٹے پیمانہ پر جلسے منعقد ہوتے اور احمدیت کی اشاعت جاری رہتی۔

سلسلہ کے علماء میں سے حضرت مولوی غلام رسول صاحب حضرت مولوی ابراہیم صاحب بقاپوری اور حضرت شیخ غلام احمد صاحب واعظ خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ والد صاحب کی سلسلہ احمدیہ سے محبت اور تعلق لازوال تھا اور آپ خود سلسلہ کے ایک بہت بڑے مربی تھے۔ دن رات ایک ہی دھن تھی۔ یعنی دعوت احمدیت۔ اس میدان میں کسی کی پرواہ نہ کرتے تھے اور بلاخوف ہر کس و ناکس کو احمدیت کا پیغام پہنچاتے رہتے تھے۔ آپ کی دکان جو کہ لائل پور کے ایک بارونق بازار (ریل بازار) میں تھی وہ دعوت الی اللہ کا مرکز بنی رہتی تھی۔ سلسلہ کے علماء جو قادیان سے تشریف لاتے تھے وہ سارا دن آپ کی دکان پر بیٹھے دعوت الی اللہ میں مصروف رہتے تھے۔ حضرت والد صاحب کی انتھک کوششوں کے نتیجہ میں لائل پور شہر میں احمدی جماعت تیار ہوگئی۔ بعض احمدی ملازمت کے سلسلہ میں باہر سے تبدیل ہو کر لائل پور میں آ گئے۔ جن میں جناب چوہدری عطا محمد صاحب نائب تحصیلدار جناب ڈاکٹر احمد حسن صاحب۔ جناب شیخ نورالدین صاحب یہ تمام حضرات احمدیت کے شیدائی تھے۔ اس لئے ان کے لائل پور آنے سے ایک مضبوط جماعت بن گئی اور احمدیت کی دعوت کا کام پہلے سے بہت زیادہ بڑھ گیا۔ حضرت والد صاحب سلسلہ کے علماء کے ساتھ لائل پور کے دیہات میں بھی دورے کیا کرتے تھے۔ جس کی وجہ سے آہستہ آہستہ مضافات میں بھی احمدیت پھیلنی شروع ہوگئی۔ چنانچہ گاؤں سے آنے والے احمدی دوستوں کا قیام ہمیشہ والد صاحب کے گھر میں ہوتا تھا اور آپ بلاتکلف ہر ایک دوست کی مہمان نوازی کرتے تھے اور اس میں بہت خوشی محسوس کرتے تھے۔ حضرت والد صاحب کو اللہ تعالیٰ نے احمدیت کے طفیل اور سیدنا حضرت مسیح موعود کی برکت سے آسودگی عطا کی ہوئی تھی۔ اس لئے آپ مہمان نوازی میں ایک راحت محسوس کیا کرتے تھے۔ احمدی دوست آپس میں بے تکلف ہوتے تھے۔ میں نے خود حضرت والد صاحب کی زبان سے سنا ہے کہ اگر کوئی احمدی دوست لاہور سے ملتان کی جانب گاڑی میں سفر کرتے تو ان کو لائل پور سے گزرنا پڑتا تھا۔ سفر شروع کرنے سے پہلے احمدی دوست احباب والد کو خط لکھ دیتے کہ میں فلاں دن فلاں گاڑی سے لائل پور سے گزر رہا ہوں۔ آپ کھانے کا بندوبست کر دیں۔ چنانچہ حضرت والد صاحب نہایت ہی بشاشت سے کھانا تیار کر کے خود سٹیشن پر کھانا لے کر حاضر ہوتے آہ کیا شفقت و محبت حضرت مسیح پاک کے طفیل احمدی دوستوں میں پیدا ہوگئی تھی۔

حضرت مولانا غلام رسول راجیکی والد صاحب کے بہت ہی قریبی دوستوں میں سے تھے والد صاحب کی وفات کے بعد ہمارے خاندان کے افراد بلاتکلف حضرت مولوی صاحب کی خدمت میں دعا کی خاطر حاضر ہوتے اور حضرت مولوی صاحب کمال محبت اور شفقت سے ہمارے لئے دعا کیا کرتے۔ میں حضرت مولوی صاحب کے محبت بھرے الفاظ کبھی بھی نہیں بھول سکتا جو کہ اکثر ملاقات کے وقت ان کی زبان مبارک سے بیان ہوتے تھے۔ بعض دفعہ میرے استفسار پر کہ حضرت مولوی صاحب آپ نے مجھے پہچانا ہے۔ فرماتے:۔

تم میرے دوست کے بیٹے ہو، تمہارے والد کے دودھ کے پیالے مجھے نہیں بھولتے۔ کیا شیرینی اس کلام میں تھی اور کتنے قدردان یہ پاک وجود تھے کہ ایک معمولی سی خدمت جو کہ حضرت والد صاحب سے سرزد ہوئی۔ اس عظیم الشان شخص کے دل میں پیوست ہوگئی اور انہوں نے اس کا بار بار ذکر کرنا ضروری خیال کیا۔

نیک اخلاق

1962ء کا ذکر ہے کہ جناب شیخ محمد الدین سابق مختار عام نے گنگارام ہسپتال میں اپنی آنکھوں کا آپریشن کرایا ہوا تھا۔ میں ان دنوں لاہور میں تھا کہ اخبار الفضل میں ان کے لئے دعا کا اعلان شائع ہوا۔ مجھے یہ علم نہ تھا کہ آپ میرے والد کے دوستوں میں سے ہیں۔ میں سلسلہ احمدیہ کے ایک بزرگ ہونے کی وجہ سے ان کی تیمارداری کو گنگارام ہسپتال میں چلا گیا۔ جب میں ان کے بستر پر پہنچا تو ان کی دونوں آنکھوں پر پٹی بندھی ہوئی تھی۔ میں نے السلام علیکم عرض کی انہوں نے وعلیکم السلام جواب میں فرمایا اور پوچھا کہ آپ کا کیا نام ہے۔ میں نے نام بتاتے ہوئے عرض کیا کہ میں الفضل اخبار میں آپ کے متعلق دعا کا اعلان پڑھ کر آپ کی تیمارداری کو آیا ہوں۔ آپ بہت خوش ہوئے اور پوچھا کہ تم کہاں کے رہنے والے ہو اور آپ کے والد صاحب کا کیا نام ہے۔ میں نے عرض کیا کہ لائل پور کا رہنے والا ہوں اور والد صاحب کا نام شیخ خدا بخش ہے۔ یہ سن کر وہ بے اختیار ہو کر کہنے لگے کہ بیٹا میری چھاتی پر اپنی چھاتی رکھ دو میں نے ایسا ہی کیا انہوں نے دونوں ہاتھوں سے مجھے اپنی چھاتی سے لگاتے ہوئے کہا کہ تم ایک نہایت ہی مخلص احمدی کے لڑکے ہو۔ میں 1905ء میں ایک دفعہ لائل پور کسی کام کے لئے گیا تو تمہارے گھر میں مہمان ٹھہرا۔ تمہارے والد نے مجھے خشکا چاول اور شلغم گوشت کھلایا تھا اور جس محبت سے میری مہمان نوازی کی تھی میں آج تک نہیں بھولا۔ اللہ اللہ کتنی معمولی سی دعوت تھی۔ لیکن اس میں کیا خلوص تھا کہ وہ خلوص 40 سال گزرنے پر بھی یاد تھا۔ میں نے کہا کہ سب حضرت اقدس مسیح پاک کی برکت تھی کہ جن کی وجہ سے یہ خوبیاں حضور کے خدام میں پیدا ہوئیں۔

میرے چھوٹے بھائی ملک محمد نذیر کو اللہ تعالیٰ نے توفیق دی کہ اس نے اپنے آپ کو حفاظت مرکز کے لئے پیش کیا۔ جب ہندو پاکستان سے لوگوں کا انخلا ہوا تو محمد نذیر قادیان میں درویشی کی زندگی بسر کر رہا تھا۔ جب تقسیم ملک کے بعد پہلا جلسہ سالانہ قادیان میں منعقد ہوا تو محمد نذیر جلسہ سالانہ کے گیٹ پر ڈیوٹی پر متعین تھا۔ اس نے دیکھا کہ ایک ضعیف احمدی جو کہ حیدرآباد (دکن) سے جلسہ پر تشریف لائے تھے۔ بار بار پیشاب کرنے کے لئے جلسہ گاہ سے اٹھتے اور ان کو جلسہ گاہ سے دور سے پیشاب کے لئے جانا پڑتا ہے۔ محمد نذیر نے ان کو کہا کہ آپ مجھ سے یہ چابی لے لیں اور یہ ساتھ والے مکان میں پیشاب کر لیا کریں تا کہ آپ کو دور نہ جانا پڑے۔ وہ بزرگ بہت خوش ہوئے اور پوچھا کہ تمہارا کیا نام ہے اور تم کس کے بیٹے ہو۔ محمد نذیر نے بتایا کہ میں شیخ خدا بخش صاحب لائل پوری کا بیٹا ہوں۔ یہ جواب سن کر اس بزرگ نے ایک ٹھنڈی سانس لی اور فرمایا واقعی تم اسی شخص کے بیٹے ہو۔ وہ بڑا مخلص انسان تھا۔ میرے بھائی کو بڑی خوشی ہوئی۔

ایک دفعہ جبکہ میری عمر 17,16 سال کی تھی میں قادیان سے جلسہ سالانہ سے واپس آ رہا تھا۔ ہم دو تین احمدی ہم عمر نوجوان ایک ڈبہ میں بیٹھے ہوئے تھے۔ ایک احمدی بزرگ جن کے نام سے میں واقف نہیں۔ مگر شکل مجھے ابھی تک یاد ہے۔ ان کی سرخ مہندی رنگی داڑھی تھی اور معمر تھے۔ انہوں نے مجھ سے پوچھا کہ تم کہاں کے رہنے والے ہو اور تمہارے والد کا کیا نام ہے۔ جب میں نے والد صاحب کا نام بتایا تو وہ کہنے لگے کہ تم واقعی خدا بخش کے بیٹے ہو۔ وہ تو فرشتہ خصلت اور نہایت مخلص انسان تھا۔

طاعون سے نجات

جب 1902ء میں طاعون کی وبا پنجاب میں پھیلی تو چونکہ یہ حضرت مسیح موعود کی صداقت کا ایک نشان تھا اور حضور کو الہام ہوا تھا۔ میں ہر شخص کو طاعون کی موت سے بچاؤں گا جو میرے گھر کی چاردیواری میں ہوگا اور تیری خاص طور پر حفاظت کروں گا۔ چونکہ حضرت اقدس نے فرمایا تھا ہمیں اس جگہ یہ نہیں سمجھنا چاہئے کہ وہی لوگ میرے گھر کے اندر ہیں جو میرے اس خاک وخشت کے گھر میں بودوباش رکھتے ہیں بلکہ وہ لوگ بھی جو میری پوری پیروی کرتے ہیں میرے روحانی گھر میں داخل ہیں۔ والد صاحب کو اس الہام کی صداقت پر اتنا ایمان تھا کہ آپ طاعون کے دنوں میں ہرگز خائف نہ تھے چنانچہ فرمایا کرتے تھے میرا ایک نوکر تھا اس کو طاعون ہوگئی جس کی وجہ سے کوئی شخص اس کے پاس نہ جاتا تھا اور وہ بیچارہ اکیلا اپنی کوٹھڑی میں رہ گیا مگر والد صاحب نے نہ صرف یہ کہ اس کی پوری تیمارداری کی بلکہ جب وہ اتنا لاغر ہوگیا کہ اپنی چارپائی سے قضائے حاجت کے لئے اور کھانے پینے کے لئے دوسروں کا محتاج تھا کہ والد صاحب اس کو قضائے حاجت کراتے اور اس کو کھانے پینے کی نہ صرف چیزیں پہنچاتے بلکہ اس کے پاس گھنٹوں بیٹھے رہتے اور تسلی دیتے۔ ہر چند لوگ آپ کو منع کرتے مگر آپ نے کسی کی اس معاملہ میں پرواہ نہ کی اور اس کے پاس برابر آتے جاتے رہے۔ وہ بیچارہ تو لقمہ اجل ہوگیا۔ مگر والد صاحب کا ایمان اتنا پختہ تھا کہ وہ متزلزل نہ ہوا۔ یہاں تک کہ ہندو اور مسلمان، سکھ، عیسائی جو بھی والد صاحب کو اس مریض کی تیمارداری کرتے دیکھتے تھے وہ حیران ہوتے تھے کہ کیسا انسان ہے کہ اپنی جان کی پرواہ نہیں کرتا۔ حالانکہ طاعون ایک متعدی مرض ہے مگر والد صاحب حضرت مسیح موعود کا الہام ان کو سنا دیتے تھے اور یہ بھی ایک دعوت الی اللہ کا موقع بن جاتا تھا۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ طاعون کے دنوں میں والد صاحب کو دعوت الی اللہ کا بہت موقع ملا۔

لائل پور میں طاعون نے اتنا زور پکڑا کہ سو سو اور دو دو سو موتوں تک روزانہ تعداد پہنچ گئی اور لوگ اتنے خائف ہوئے کہ اپنے گھر بار کھلے چھوڑ کر شہر سے باہر جنگل میں خیمہ زن ہو گئے۔ والد صاحب فرماتے تھے کہ ریل بازار میں سوائے میرے اور کوئی شخص شہر میں موجود نہ رہا اور لوگوں نے ہر چند مجھے سمجھایا کہ میں بھی شہر کو چھوڑ کر باہر جنگل میں چلا جاؤں مگر میں نے خدا تعالیٰ کے الہام پر ایمان رکھا اور لوگوں کی نصیحتوں کی کوئی پرواہ نہ کی اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل اور مسیح موعود کی برکت اور صداقت کو دنیا میں ظاہر کرنے کے لئے والد صاحب کو محفوظ رکھا۔

شریروں سے بچاؤ

جب طاعون کا زور ختم ہوا اور لوگ اپنے گھروں میں واپس آئے تو والد صاحب کو زندہ دیکھ کر بہت حیران ہوئے اور لوگ جوق در جوق حضرت والد صاحب کو ملنے کے لئے آتے اور احمدیت کی دعوت کا والد صاحب کو خوب موقع ملا۔ اور لوگ بہت متاثر تھے اور والد صاحب کی بہت عزت اور احترام کیا کرتے تھے۔ والد صاحب کی لائلپور شہر میں ہر مذہب و ملت کے لوگوں میں اس قدر عزت تھی اور احترام تھا کہ ایک دفعہ ایک متعصب اور سخت مخالف نے ایک اپنے واقف کار انسپکٹر پولیس سے مل کر والد صاحب کو ایک سنگین مقدمہ میں ماخوذ کرنا چاہا۔ آپ پر یہ الزام لگایا گیا تھا کہ بڑے بڑے نامی بدمعاش آپ کے پاس آکر ٹھہرتے ہیں چونکہ یہ واقعہ بالکل غلط اور بے بنیاد تھا اور صرف انسپکٹر پولیس سے مل کر ایک سازش کی گئی تھی۔ آپ کی پیشی پولیس کپتان کے پاس ہوئی جو کہ انگریز تھا جب والد صاحب کو سمن سے بلایا گیا تو آپ کو کچھ علم نہ تھا کہ کیا بات ہے اس لئے آپ پر کوئی گھبراہٹ نہ تھی۔ آپ دعائیں کرتے ہوئے پولیس کپتان کی کچہری میں حاضر ہو گئے۔

والد صاحب کی عادت میں داخل تھا کہ جب آپ کسی بڑے افسر کے پاس جاتے تو کمرہ میں داخل ہونے سے پہلے 33 مرتبہ حفیظ یا عزیز پڑھ کر کمرہ میں داخل ہوتے ہی افسر کے منہ پر پھونک مار دیا کرتے تھے۔ آپ نے اس دفعہ بھی ایسا ہی کیا۔ جب والد صاحب کمرہ عدالت میں حاضر ہوئے تو پولیس کپتان آپ کی شکل وصورت دیکھ کر حیران رہ گیا اور اس نے انسپکٹر پولیس سے جو وہاں پر موجود تھا پوچھا کہ کیا یہی شخص ہے جس پر یہ الزام ہے کہ اس کے پاس 10 نمبر کے بدمعاش آتے جاتے ہیں۔ جو الزام والد صاحب پر تھا وہ آپ کی شکل وصورت کے برخلاف تھا۔ والد صاحب نے بتایا کہ میں لائل پور کا شہر آباد ہونے سے پہلے یہاں پر آکر آباد ہوا تھا۔ اس لئے مجھے 40 سال لائل پور میں آباد ہوئے ہو گئے ہیں۔ لائل پور شہر کا ہر فرد مجھ سے اور میرے چال چلن کا واقف ہے۔ آپ ابھی اپنے اردلی کو حکم دیں کوئی شخص شہر سے بلوالیں خواہ وہ ہندو ہو، سکھ ہو، عیسائی ہو یا مسلمان ہو وہ میرے حق میں شہادت دے گا۔ اس بات کا کپتان پولیس پر بہت اثر ہوا۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل اور سیدنا حضرت مسیح پاک کے طفیل والد صاحب کو ایک شریر کے شر سے محفوظ رکھا۔

ایک شخص مسمی نورالدین کشمیری جس پر والد صاحب کے بہت احسان تھے۔ اس کو والد صاحب سے پرخاش ہو گئی۔ اس نے آپ کی بہت مخالفت کی۔ اس نے والد صاحب کو دعویٰ سے کہا کہ میں آپ کو اب لائل پور شہر میں نہیں رہنے دوں گا۔ چنانچہ اس نے بہت حیلے کئے اور کئی مکر و فریب کئے۔ آپ پر ایک دو مقدمات بھی جھوٹے دائر کئے۔ مگر وہ اپنی ہر تدبیر میں بری طرح ناکام ہوتا گیا۔ مگر اس کو ضد ایسی ہو گئی کہ وہ شرارت سے باز نہیں آتا تھا اور نت نئے حیلے سوچتا رہتا تھا۔ آخر کار اس نے ایک مقدمہ والد صاحب پر دائر کیا اور والد صاحب کے خلاف کئی جھوٹے گواہ پیش کر دیئے۔ مگر والد صاحب دعائیں کرتے رہے۔

عجیب بات ہے کہ یہ دشمن حضرت والد صاحب کی دعاؤں کی قبولیت کا قائل تھا۔ جس دن مقدمہ کا آخری فیصلہ ہونا تھا اس شخص نے خود مجھ سے ذکر کیا کہ میں نے اپنے آپ کو چھپائے رکھا کہ آپ کے والد صاحب کے سامنے اس وقت تک نہ آؤں جب تک عدالت کے کمرہ میں داخل نہ ہو جاؤں۔ میں نے جب اس کی وجہ اس سے دریافت کی تو اس نے کہا کہ مجھے تجربہ تھا کہ اگر کوئی شخص آپ کے والد صاحب سے دشمنی کرے تو تمہارے والد کچھ پڑھ کر اس پر پھونک مارتے تھے۔ اگر آپ کے والد پھونک مارنے میں کامیاب ہو جائیں تو معاملہ ان کے حق میں ہو جاتا تھا اور دشمن کو ناکامی ہوتی تھی۔ چنانچہ وہ خود کہتا ہے کہ میں پھونک سے بچنے کے لئے ان کے سامنے نہیں آنا چاہتا تھا۔ وہ کہتا تھا کہ جب میں عدالت کی طرف جارہا تھا تو اچھی طرح دیکھ بھال کر رہا تھا کہ مبادا میں ان کے سامنے آجاؤں اور وہ پھونک ماردیں۔ چنانچہ وہ چھپتا چھپاتا بازار میں سے گزر کر جارہا تھا کہ اچانک کیا دیکھتا ہوں کہ ایک گلی سے والد صاحب نمودار ہوئے۔ ابھی میری نظر ان پر پڑی ہی تھی کہ انہوں نے وہ پھونک ماردی جس سے میں ڈر رہا تھا۔ بس مجھے یقین ہو گیا کہ اب میں ناکام ہو جاؤں گا۔ چنانچہ ایسا ہی معرض وجود میں آیا۔ یہ اس کا آخری حملہ تھا جس میں وہ بری طرح ناکام ہوا۔ جو اس نے بلند بانگ دعویٰ کیا تھا کہ وہ والد صاحب کو لائل پور شہر میں نہیں رہنے دے گا۔ اس کا یہ حشر ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے ایسے سامان کئے کہ والد صاحب کو شہر لائل پور سے نکالنے والا بہت بے عزت ہو کر شہر لائل پور سے نکل کر تاندلیاں والا منڈی میں چلا گیا۔ مگر بڑی کسمپرسی کی حالت میں وہاں پر اپنے دن گزار کر پھر لاہور منتقل ہو گیا اور آخر اسی حالت میں بے نیل و مرام اس دنیا سے رخصت ہوا۔

ایک دفعہ مجھے عرصہ کے بعد تاندلیاں والا منڈی ایک نجی کام کے لئے جانا پڑا۔ اسی شخص نے مجھے بازار میں سے گزرتے ہوئے پہچان لیا اور میرے ساتھ بغلگیر ہو گیا اور کہنے لگا کہ میری تباہی تمہارے والد صاحب کی بددعاؤں کا نتیجہ ہے۔ میں نے بہت زیادتیاں ان پر کی تھیں جس کا خمیازہ میں بھگت رہا ہوں۔ چنانچہ وہ مجھے اپنے گھر لے گیا اور میری بڑی خاطر مدارت کی۔ اس کے قیام لاہور میں بھی میں اس کو ملتا رہا اور میرے بڑے بزرگ بھائی جناب ملک محمد شفیع صاحب لائل پوری مرحوم و مغفور بھی اسے ملا کرتے تھے مگر وہ بہت شرمندہ تھا اور بڑی ندامت محسوس کیا کرتا تھا۔ یہ تھا حشر اس انسان کا جو کہ حضرت مسیح پاک کے ایک ادنیٰ خادم کے مقابلہ پر آیا۔

قدرت سے اپنی ذات کا دیتا ہے حق ثبوت
اس بے نشاں کی چہرہ نمائی یہی تو ہے

اللہ تبارک وتعالیٰ کا یہ سلوک حضرت اقدس کے ادنیٰ غلاموں کے ساتھ تھا۔

قادیان سے عشق

حضرت والد صاحب کو قادیان اور حضرت مسیح موعود سے ایک لازوال عشق پیدا ہو گیا۔ آپ کثرت سے قادیان تشریف لے جایا کرتے تھے اور جب جاتے تو بس وہیں کے ہو جاتے۔ ہماری والدہ بہت انتظار کرنے کے بعد اپنے ملازم کو قادیان بھیج دیتیں اور وہ آپ کو بلا کر واپس لاتا۔ والد صاحب فرمایا کرتے تھے کہ قادیان میں جو مزا تھا وہ باہر نہ تھا اور جب قادیان آجاتے تو واپس جانے کو دل نہ چاہتا تھا۔ حضرت اقدس کے ساتھ سیر کو جانے کے بہت سے مواقع نصیب ہوئے اور حضور کی مجلس میں بیٹھنے اور ارشادات سننے کے مواقع میسر ہوئے حضور کی اپنی ذات میں اس قدر کشش تھی کہ جو شخص ایک دفعہ حضور سے ملاقات کر لیتا تھا وہ وہیں کا ہو جاتا تھا۔

حضرت صاحبزادہ عبداللطیف سے ملاقات

والد صاحب فرماتے تھے ایک دفعہ قادیان جانے کا ایسے وقت میں اتفاق ہوا کہ حضرت شہید مرحوم تشریف فرما تھے۔ مجھے علم نہ تھا میں اڈہ سے تانگہ سے اتر کر سیدھا مہمان خانہ میں آیا تو کیا دیکھتا ہوں کہ چند لوگ ایک حلقہ کی صورت میں مہمان خانہ میں کنوئیں کے پاس کھڑے ہیں اور ایک نہایت ہی خوبصورت شکل سفید اور سرخی مائل رنگ، مہندی رنگی داڑھی لوگوں کے حلقہ میں بیٹھا ہوا وضو کر رہا ہے۔ والد صاحب فرماتے تھے کہ ایسا خوبصورت چہرہ دیکھ کر میں بھی وہاں چلا گیا اور ایک شخص سے پوچھا کہ یہ کون بزرگ ہیں۔ تو ایک دوست نے بتایا کہ یہ شہزادہ عبداللطیف صاحب ہیں اور علاقہ خوست افغانستان سے تشریف لائے ہیں۔ چنانچہ انہوں نے وضو کیا اور تمام احباب ان کے ساتھ نماز عصر ادا کرنے بیت مبارک تشریف لے گئے۔ حضرت والد صاحب بھی ساتھ تھے۔ والد صاحب فرماتے تھے کہ حضرت صاحبزادہ صاحب نے سرخ رومی ٹوپی پہنی ہوئی تھی اور کالے رنگ کا لمبا کوٹ زیب تن کئے ہوئے تھے۔ 1903ء کا واقعہ ہے۔

حضرت والد صاحب اس دفعہ معمول سے زیادہ قادیان میں مقیم رہے اور حضرت صاحبزادہ صاحب نے جو گفتگو بعض مواقع پر حضرت اقدس سے کی اس میں شامل ہوتے رہے۔ حضرت والد صاحب حضرت صاحبزادہ صاحب کی علمی قابلیت کے بہت قائل تھے اور ان کی وجاہت اور فطرت پاکیزہ کے بہت مداح تھے۔ اللہ تعالیٰ کی ہزاروں ہزار رحمتیں اس مقدس انسان پر نازل ہوں کہ جس نے اپنی زندگی قربان کر کے احمدیت کا بیج ملک افغانستان میں بویا۔

حضرت اقدس مسیح موعود کا وصال

حضرت مسیح موعود جب لاہور میں وفات پاگئے تو لائل پور میں بھی یہ خبر پہنچ گئی اور والد صاحب لاہور سے ہوتے ہوئے قادیان پہنچ گئے۔ فرمایا کرتے تھے کہ یہ صدمہ اتنا عظیم تھا کہ برداشت سے باہر تھا۔ ہم حیران تھے کہ اب اس سلسلہ کا کیا بنے گا۔ چنانچہ جب سیدنا حضرت حکیم نورالدین صاحب کو جماعت نے متفقہ طور پر خلیفۃ المسیح الاول منتخب کر لیا تو جماعت کو ڈھارس بندھ گئی اور کچھ تھوڑا سا غم غلط ہو گیا۔ کیونکہ حضرت خلیفۃ المسیح الاول کے علم و فضل اور تقویٰ شعاری کے دوست دشمن سب مداح تھے۔ آپ نے جس خوش اسلوبی سے جماعت کی تنظیم اور تعلیم و تربیت میں دلچسپی لی کہ جماعت اپنے پاؤں پر کھڑی ہو گئی اور دشمن پھر ایک دفعہ سلسلہ عالیہ احمدیہ کی بیخ کنی دیکھ کر ناامید ہو گیا۔ یہ بابرکت دور الٰہی منشا کے مطابق 6 سال کے بعد ختم ہو گیا۔

جب سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الاول وفات پاگئے تو والد صاحب فرماتے تھے کہ یہ ایک عظیم صدمہ تھا جو کہ جماعت کے لئے برداشت سے باہر تھا۔ لائل پور میں جماعت تو قائم تھی مگر ان کی اپنی بیت نہ تھی۔ ایک بیت شیخ برادران نے (یعنی شیخ میاں اسماعیل، میاں مولا بخش، میاں محمد) کی تھی۔ والد صاحب نے فرمایا کہ میاں محمود احمد صاحب خلیفہ ثانی منتخب ہو گئے ہیں اور میں نے ان کی بیعت کر لی۔ تم بھی بیعت کا خط لکھ دو۔ میں نے تردد کیا۔ کیونکہ مجھے معلوم ہو گیا تھا۔ کارخانہ والے شیخ صاحبان نے میاں صاحب کی بیعت نہیں کی۔ والد صاحب نے بہت زور لگایا مگر بھائی غلام قادر واپس گاؤں کو روانہ ہو گئے۔ بھائی غلام قادر کا بیان ہے کہ میں سخت دھوپ میں دوپہر کے وقت اپنے گاؤں کو روانہ ہوا۔ میں نے گھوڑے کی لگام کو کھلا چھوڑ دیا اور خود دعا میں مشغول ہو گیا اور اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ الٰہی تو میری دستگیری فرما میں بے علم ہوں۔ چنانچہ ابھی دو میل میں شہر سے باہر آیا تھا کہ سخت دھوپ اور گرمی کی وجہ سے میں اپنا سفر جاری نہ رکھ سکا اور گھوڑے سے اتر کر ایک درخت کے سایہ میں لیٹ

گیا۔ ابھی چند منٹ ہی لیٹا تھا۔ اچھی طرح نیند بھی نہ آئی تھی کہ ایک آواز آئی غلام قادر تم نے محمود کی بیعت کر لی ہے؟ اٹھ اور جا کر بیعت کر۔ بھائی غلام قادر فرماتے ہیں میں حیران ہو کر اٹھا تو ادھر ادھر نگاہ دوڑائی مگر جنگل بیابان میں سوائے میرے اور کوئی شخص نظر نہ آیا۔ چنانچہ میں اٹھا اور گھوڑے پر سوار ہو کر سیدھا والد صاحب کے پاس آیا اور کہا کہ میری طرف سے بیعت کا خط لکھ دیں اور ساتھ ہی سارا واقعہ سنا دیا۔

جیسا کہ پہلے بتایا جا چکا ہے کہ کارخانہ والے شیخ صاحبان بہت مالدار تھے اور ان کا اثر و رسوخ بہت زیادہ تھا اور وہ تینوں بھائی غیر مبائعین کی پارٹی میں شامل ہو گئے تھے۔ اس لئے انہوں نے اپنے روپیہ اور اثر و رسوخ سے کام لے کر بہت کوشش کی کہ کسی طرح والد صاحب غیر مبائعین کے ساتھ شامل ہو جائیں اور لائل پور شہر کی احمدی جماعت کے افراد کثرت سے ان کے ساتھ شامل ہو جائیں مگر ان کی تمام کوششیں رائیگاں گئیں اور والد صاحب کے مقابلہ میں ان کا روپیہ اور اثر و رسوخ کوئی کام نہ آ سکا۔

مرکز سلسلہ سے والد صاحب کی عقیدت

حضرت والد صاحب قادیان کثرت سے جایا کرتے تھے اور جلسہ سالانہ سے کبھی بھی غیر حاضر نہیں ہوتے تھے۔ میں نے خود حضرت والد صاحب سے سنا ہے فرماتے تھے کہ میں نے اپنے دوستوں سے کہا ہوا تھا کہ جس جلسہ سالانہ پر میں حاضر نہ ہوا تو سمجھ لینا کہ میں اس دنیا میں موجود نہیں ہوں۔ ان الفاظ سے پتہ لگتا ہے کہ والد صاحب کو مرکز احمدیت سے کتنی محبت اور عقیدت تھی۔ حضرت والد صاحب کے قادیان بار بار جانے کی وجہ سے آپ کا حلقہ احباب بہت وسیع تھا اور سلسلہ عالیہ احمدیہ کے اولین بزرگوں میں سے شاید ہی کوئی ایسا ہوگا جو حضرت والد صاحب کا واقف نہ ہو اور پھر والد صاحب کے ان سے ذاتی تعلقات نہ ہوں۔

وفات

حضرت والد صاحب کو اللہ تعالیٰ نے اچھی صحت عطا کی ہوئی تھی آپ کبھی بیمار نہ ہوئے تھے۔ ایک دفعہ ہی بیمار ہوئے اور یہ بیماری جان لیوا ثابت ہوئی۔ آپ صرف ایک مہینہ بیمار رہے آپ کو اسہال کی تکلیف ہوگئی اور دن بدن کمزوری بڑھتی گئی۔ مگر آخری دنوں میں طبیعت سنبھل گئی۔ چونکہ والد صاحب ہمیشہ باجماعت نماز بیت الذکر میں ادا کرتے تھے مگر بیماری میں بیت میں نہ جا سکتے تھے آخری دن آپ عصر کی نماز ادا کرنے بیت میں تشریف لے گئے۔ خاکسار راقم الحروف بھی ساتھ تھا جب نماز بیت میں ادا کر کے واپس گھر تشریف لائے تو بہت خوش تھے اور مجھے کہنے لگے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے آج مجھے توفیق دی ہے کہ میں بیت میں جا کر نماز ادا کر کے آیا ہوں چنانچہ اس خوشی کا بار بار ذکر فرماتے ہوئے اپنی چارپائی پر لیٹ گئے۔ میں آپ کے پاس بیٹھا ہوا تھا۔ آپ مجھ سے باتیں کر رہے تھے کہ مغرب کی نماز کی نداء ہوگئی اور عین اس وقت جبکہ نداء ہو رہی تھی آپ نے مجھ سے پانی پینے کے لئے مانگا۔ میں آپ کو پنکھا کر رہا تھا۔ چنانچہ میں نے چارپائی سے اٹھ کر بھائی صاحب کو آواز دی کہ پانی کا گلاس لاؤ والد صاحب کی چارپائی نیچے دالان میں تھی اور گھر کے افراد مکان کی چھت پر تھے کیونکہ گرمیوں کا موسم تھا۔ میں یہ آواز دے کر واپس چارپائی کی طرف آیا تو کیا دیکھتا ہوں کہ حضرت والد کا سارا جسم یکدم کانپا اور آنکھیں پتھرا گئیں۔ میں یہ نظارہ دیکھ کر حیران رہ گیا اور زور سے چیخ ماری گھر کے سب افراد جلدی سے نیچے اترے مگر اس وقت تک حضرت والد صاحب کی روح قفس عنصری سے پرواز کر کے اپنے مولا کے حضور حاضر ہو چکی تھی۔

اللہ تعالیٰ کی بیشمار رحمتیں ان کی روح پر نازل ہوں اور اللہ تعالیٰ محض اپنے فضل سے ان کی مغفرت فرمائے۔ ان کے گناہوں کو اپنے فضل سے بخش دے۔ ان کی حقیر خدمات کو قبول فرمائے اور قیامت تک ان کے درجات بلند کرتا چلا جائے۔

بلانے والا ہے سب سے پیارا
اسی پہ اے دل تو جاں فدا کر

مکرم حکیم منور احمد عزیز صاحب

صندل سفید کے خواص اور چند نسخے

مختصر تعارف

صندل کے درخت کی اونچائی تیس سے چالیس فٹ تک عموماً ہوتی ہے۔ لیکن بعض درخت اس سے بھی بڑھ جاتے ہیں۔ یہ ہندوستان کا مشہور درخت ہے۔ اس کے تنے کی گولائی تین فٹ تک تقریباً ہوتی ہے۔ یہ سدا بہار درخت یعنی بارہ ماہ ہرا بھرا رہنے والا درخت میسور، کوئمبٹور، پونا، گجرات، کاٹھیاواڑ، کرناٹک، تامل ناڈو، مالابار اور دیگر کئی علاقوں میں پایا جاتا ہے۔ مثلاً مشرقی جاوا وغیرہ۔

شناخت

اس کا درخت چالیس فٹ کے لگ بھگ اونچا اور تنے کی گولائی تین فٹ ڈالیاں پتلی اور لٹکی ہوئی پتے ہلکے اخروٹ کے پتوں کی طرح ایک دوسرے کے آمنے سامنے ہوتے ہیں۔ پھول بھورے گہرے بینگنی رنگ کے پھل خوشوں کی شکل میں کالے رنگ کے ان میں سے ایک بیج نکلتا ہے۔ صندل کے درخت کے تنے کا وہ حصہ جو زمین میں ہوتا ہے کی لکڑی سفید بے بو ہوتی ہے۔ درمیانی حصے میں لکڑی قدرے زردی مائل اور بے حد خوشبودار ہوتی ہے۔ صندل کی لکڑی سب سے بہتر وہ ہے۔ جو نہایت خوشبودار کم ریشہ والا سخت اور چرب دار ہو۔ صندل کا درخت پچاس سال میں پختہ ہوتا ہے۔ اس پر جون سے ستمبر اور پھر نومبر سے فروری تک پھول اور پھل لگتے ہیں۔

صندل کی جڑ سے نسبتاً تیل زیادہ حاصل ہوتا ہے۔ عام طور پر ایک کلو صندل کی لکڑی سے ایک سو ملی لیٹر تیل نکلتا ہے۔ تیل گاڑھا تیز خوشبودار اس میں سفیڈ لول نامی جوہر نوے فیصد تک پایا جاتا ہے۔

سب سے اعلیٰ صندل کی لکڑی درخت کے اس مقام کی ہے۔ جو زمین کے نیچے اور جڑ کے ریشوں سے اوپر ہوتا ہے۔ اسے کاٹ کر دو تین ماہ کے لئے زمین میں دفن کر دیتے ہیں۔ اس سے تنے کے اوپر والی سفید لکڑی کو دیمک کھا لیتی ہے اور اندر کی زردی مائل لکڑی جوں کی توں رہتی ہے۔ اس کو دیمک یا گھن نہیں لگتا۔ صندل کی طاقت تیس برس تک قائم رہتی ہے۔

افعال و استعمال

صندل دل، دماغ کو طاقت اور فرحت دیتا ہے۔ تبخیر معدہ کو روکتا ہے۔ گرمی سے سکون دیتا۔ ورم کو تحلیل کرتا۔ خون کو صاف سوزش معدہ کو دور اور صفراوی دستوں کو بند کرتا ہے۔ سینہ اور پیاس کو دور کرتا۔ گرمی کے سردرد و نزلہ گرمی میں مفید ہے۔ نسیان کو دور کرتا ہے۔ چہرہ کی رنگت نکھارتا۔ بھوک بڑھاتا۔ پیٹ کے کیڑوں کو مارتا۔ پیشاب کی جلن کو دور کرتا۔ صندل کا لیپ درد کے لئے بہت ہی مفید ہے۔

ذائقہ

قدرے تلخ و خوشبودار۔ مزاج سرد خشک درجہ دوم۔ مقدار خوراک پانچ سے سات ماشہ۔ روغن پانچ سے پندرہ بوند تک۔ مصلح شہد خالص۔ مضر زیادہ مقدار میں استعمال کرنا۔ مردانہ صحت میں کمزوری پیدا کرتا ہے۔

حضرت خلیفۃ المسیح الاول کا مشہور زمانہ نسخہ صندل پوڈر

صندل سفید، صندل سرخ، برگ حنا، پاپڑا، برگ نیم، مجیٹھ، گری، ہرمچی، ملٹھی، کچور برابر وزن
دو دو رتی صبح شام ہمراہ تازہ پانی۔

بے حد مصفیٰ خون، پھوڑے پھنسی، سرخباد، خارش، کیل، مہاسے، چھائیوں کو ختم کرتا جگر اور رحم کو طاقت دیتا۔ جنین کی حفاظت کرتا۔ مرض اٹھرا سے نجات دلاتا تندرست، طاقتور، عقلمند نرینہ اولاد سے نوازتا ہے۔

شربت صندل

دل کی گھبراہٹ و جگر معدہ کی گرمی کو زائل کرتا گرمی کے دردسر کو آرام دیتا۔ طریقہ تیاری برادہ صندل سفید 100 گرام، عرق گلاب خالص ڈیڑھ کلو۔ رات کو عرق گلاب میں برادہ صندل کو بھگو دیں۔ صبح معمولی جوش دے کر چھان لیں اور ڈیڑھ کلو چینی ملا کر پکا لیں اور پچاس گرام دودھ ڈال کر کف گیر سے اوپر جو میل جمے اتار دیں ٹھنڈا کر کے بوتلوں میں بھر لیں 25 سے 50 گرام تک پانی میں ملا کر استعمال کریں۔

وضاحت: اگر برادہ صندل کو زیادہ دیر تک جوش دیا جائے یا برادہ صندل کو چھان مل کر شربت تیار کیا جائے تو شربت کا ذائقہ کڑوا ہو جاتا ہے۔

روغن صندل

درد صفراوی میں صندل کا تیل کنپٹی و پیشانی پر لگانے سے درد کو آرام آ جاتا ہے۔

روغن صندل 10 قطرے دودھ گائے نیم گرم میں ملا کر دینا پیشاب کی نالی کے پرانے زخموں کے لئے مفید ہے۔

بیس بوند روغن صندل موسم گرما میں دودھ کی لسی میں دینا پیشاب کی نالی کے پرانے امراض کے علاوہ سوزاک اور آتشک کے لئے بھی مفید ہے۔

روغن صندل دو دو بوند بتاشہ میں ڈال دینا خشک اور بلغمی کھانسی کو مفید ہے۔

چہرہ کی چھائیاں

صندل سفید، صندل سرخ، بالچھڑ، تل کالے، تخم سرسوں، زیرہ سیاہ، لودھ پٹھانی، ناگر موتھا، ہلدی، مجیٹھ، کافور، مغز بادام ہر ایک 20 گرام، سوڈا بیٹھا آئی سی آئی 60 گرام، زعفران 4 گرام لکس صابن سفید 100 گرام تمام ادویات کو کوٹ چھان کر باریک سفوف تیار کر لیں۔ پھر گائے کے دودھ میں تھوڑا سا ملا کر چہرے پر آہستہ آہستہ ملیں۔ ایک گھنٹہ بعد نیم گرم پانی سے دھو کر روغن ناریل خالص تین بوند چہرہ پر مل لیں۔ صرف ایک ماہ ایسا کرنے سے اور صندل پوڈر کھانے سے چہرہ گلاب کے پھول کی طرح ہو جائے گا۔

☆......☆......☆

طامس رو

جنوبی ایشیائی تاریخ میں 1615ء بہت اہمیت رکھتا ہے۔ اسی سال شاہ انگلستان، جیمز اول کا سفیر سرطامس رو مغل بادشاہ جہانگیر کے دربار میں حاضر ہوا اور اپنی اسناد سفارت پیش کیں۔

سرطامس تین برس تک مغل دربار میں رہا۔ وہ ایک ماہر سفارتکار تھا۔ اس نے ہندوستان میں جہانگیر اور دیگر امراء کے ساتھ راہ و رسم پیدا کی پھر بڑی دانشمندی سے ایسٹ انڈیا کمپنی کے لئے تجارتی مراعات حاصل کر لیں۔

فاروق قیصر کے کالم پتلی تماشا سے ماخوذ

ہم کہ ٹھہرے اجنبی

رات لوڈ شیڈنگ کے دوران دوستوں میں یہ بحث چھڑی رہی کہ ہم لوگ کون ہیں؟ کسی نے کہا کہ ہم شتر بے مہار جیسی قوم ہیں جس کا جدھر منہ اٹھے ادھر کو چل پڑتی ہے۔ کسی نے کہا کہ ہم اس بھینس کی مانند ہیں جسے سیاسی لاٹھی سے جدھر جی چاہے ہانک لو۔ انکل سرگم کہنے لگا کہ ہم سولہ کروڑ کا ایک ہجوم ہیں جو صرف تقریریں سننے کے لئے جمع ہے۔ قائداعظم کے بعد ہمارا کوئی قومی لیڈر نہیں بنا، جتنے لیڈر تھے وہ سب صوبائی لیڈر تھے۔ ہم صرف نام کے مسلمان ہیں، سر پہ سفید ٹوپیاں رکھے نماز تو پڑھتے ہیں مگر نماز کا مطلب نہیں جانتے۔ قرآن گھر میں سجا کر رکھتے ہیں مگر اس کا مطالعہ نہیں کرتے۔ ہم میں سچے مسلمان سے زیادہ ایک پکے منافق والی ساری باتیں پائی جاتی ہیں۔ اس کی ایک مثال لاہور کا سب سے اہم اور معتبر مقام داتا صاحب کا دربار ہے۔ یہ وہ مقام ہے جہاں ہر وقت عقیدت مندوں کا ایک میلہ سا لگا رہتا ہے۔ اس مقدس مقام پہ آجکل جس ہجوم کا قبضہ ہے ان میں اکثریت ان کی ہے جو داتا صاحب کی تعلیمات پہ عمل کرنا تو کجا، اسلام اور دین کی الف ب سے بھی واقف نہیں۔ یہ لوگ خود کو داتا صاحب کا فقیر کہتے ہیں، خود نماز ادا کرنا تو ایک طرف، نمازیوں کو محویت سے نماز پڑھنے نہیں دیتے، روٹی مانگ کر کھاتے ہیں اور چرس خرید کر پیتے ہیں، نیاز کی دیگیں اپنے ہی بندوں میں تقسیم کر کے انہی سے تقسیم شدہ دیگوں کے چاول واپس لے کر اس کی دوبارہ دیگ بنا کر بیچتے ہیں، حاضری دینے والوں سے کیش خیرات نہ ملنے پر ان کے لباس نوچ لیتے ہیں، بھیک نہ دینے پہ بددعائیں دیتے ہوئے خداترس لوگوں کو مذہبی بلیک میل کرتے ہیں۔ افسوس کا مقام ہے کہ داتا صاحب جیسی بڑی ہستی کے دربار پہ ہمیں اسلامی معاشرے کی ایک ایسی تصویر دیکھنے کو ملتی ہے جسے دیکھ کر غربت جہالت اور نشے کا تصور ہی ابھرتا ہے۔ داتا صاحب کے یہ فقیر داتا صاحب سے مانگنے کی بجائے حاضری دینے والے ان لوگوں سے مانگتے ہیں جو خود گنہگار ہیں، جو دودھ میں سارا سال پانی ڈال کر بیچتے ہیں اور گیارہویں شریف والے دن دودھ کی نیاز دے کر اپنے سالانہ گناہ دھوتے ہیں، جو سارا سال مجرے بھی کرتے ہیں، دربار پہ ماتھا ٹیک کر کمائی میں برکت کی دعائیں بھی مانگتے ہیں اور وہ جو فلم کی کامیابی کے لئے نذرو نیاز کے لئے حاضریاں دیتے ہیں، اپنی فلموں کا افتتاح جمعہ کے مبارک دن پہ کرتے ہیں تا کہ اس مقدس دن پہ اللہ ان کی بنائی ہوئی حیا سوز فلم میں برکت ڈالے۔ ہم وہ لوگ ہیں جو کہتے کچھ ہیں اور کرتے کچھ ہیں۔ ہمارے اداروں کے قیام کا مقصد کیا تھا؟ مگر اب ان کا مطلب کچھ نکلتا ہے۔ مثلاً پیٹرول پمپ کو دیکھ کر ہمیں گاڑی میں پیٹرول ڈلوانے کی بجائے کم تول اور ملاوٹ کا خیال آجاتا ہے۔ سرکاری ملازم کو دیکھ کر ہمیں سستی تساہل اور کام چوری کا یقین ہو جاتا ہے۔ گوالے کو دیکھ کر پانی یاد آجاتا ہے۔ پولیس کو دیکھتے ہی رشوت کا تصور ابھرتا ہے۔ بسوں ویگنوں کو دیکھ کر موت اور ٹریفک سگنلز کو دیکھ کر قانون شکنی یاد آتی ہے۔ دکانداروں کو دیکھ کر سچ پر سے یقین اٹھ جاتا ہے۔ سمگلنگ کی چیک پوسٹوں پہ سختی دیکھ کر غیر ملکی مصنوعات سے بھرے بازار یاد آجاتے ہیں۔ ایئرپورٹ پہ مسافروں کا رش دیکھ کر مہنگائی جھوٹ لگتی ہے۔ فلمیں دیکھو تو سینسر بورڈ پہ یقین اٹھ جاتا ہے۔ تھیٹر دیکھو تو شرم یاد آجاتی ہے اور ٹی وی دیکھو تو سب کچھ بھول جاتا ہے کہ ہم کون ہیں؟ ہماری ثقافت کیا ہے؟ ہماری منزل کیا ہے اور ہمارا راستہ کیا ہے؟ اگر ہمارے ملک کا دارالخلافہ اسلام آباد ہے تو ہمارے لیڈروں کا دارومدار لندن اور واشنگٹن کیوں ہے؟ ہم امریکہ سے خائف ہی رہتے ہیں اور اسی کا ویزا حاصل کرنے کے لئے تن، من اور دھن کی بازی لگا دیتے ہیں۔ ہم برطانیہ کو سامراج کہتے ہیں اور بھاگ کر اسی کی سیاسی پناہ لیتے ہیں۔ ہم دولت اپنے ملک سے کماتے ہیں اور جمع دوسرے ملکوں میں کرتے ہیں۔ ہم گورے سے آزادی حاصل کرنے کے نغمے اسی کی گود میں بیٹھ کر گاتے ہیں۔ ہم دعا عربی میں مانگتے ہیں اور درخواست انگریزی میں لکھتے ہیں۔ ہم اللہ پہ ایمان اور امریکہ پہ بھروسہ رکھتے ہیں۔ ہمارے پھل غریب کے لئے اور قیمت رکھتے ہیں اور امیر کے لئے اور قیمت۔ ہمارے تعلیمی ادارے غریب کے بچوں کے لئے اور، اور امیر کے بچوں کے لئے اور ہوتے ہیں۔ بلوں اور ٹیکسوں کے مارے عوام ٹکٹ خرید کر عوامی کلاس میں سفر کرتے ہیں اور انہی کے ٹیکسوں پہ پلنے والے وی آئی پی بن کر فرسٹ کلاس میں مزے کرتے ہیں۔ ہمارے گلوکار سرکاری پروگراموں میں ملی نغمے گاتے ہیں اور پرائیویٹ فنکشنز میں بھارتی نغمے گا کر روزی کماتے ہیں۔

ہم جب اقتدار میں ہوتے ہیں تو اپنے مخالفین کے ہاتھوں میں ہتھکڑیاں پہناتے ہیں اور پھر اپنے مفاد کے لئے انہیں مخالفین کے ہاتھوں میں ہاتھ ڈال کر ''ہم ایک ہیں'' کا نعرہ لگاتے ہیں۔ ہم وہ ایک ہیں جو اپنے مفاد کے لئے تو ایک ہیں مگر کالا باغ ڈیم جیسے قومی اور عوامی مفاد میں اتفاق نہیں رکھتے۔ ہم پاکستان کی آزادی کا سالانہ جشن ''سرکاری جوش و جذبے'' سے مناتے ہیں۔ ہر طرف ''سلام پاکستان'' کے نعرے گونجتے ہیں، شاعروں کو پیسے دے کر قومی نغمے لکھوائے جاتے ہیں اور گلوکاروں کو پیسے دے کر قومی نغمے گوائے جاتے ہیں۔ 14/اگست کے دن حاکم سیاستدان ہر تقریب میں چیف گیسٹ بن کر سالہا سال پرانی تقریروں کو دہراتے ہیں اور آزادی کے نعرے لگوا کر اپنا سرکاری فرض پورا کرتے ہیں۔ سوچنے والی بات یہ ہے کہ ساٹھ برسوں سے ہم آزادی کا جشن مناتے چلے آرہے ہیں اور ہر سال گزرے ہوئے سال کو اچھا سمجھتے ہیں؟ ہم میں جن کے بڑے کام اور بڑے نام تھے وہ اب ہم میں نہیں رہے۔ اب کوئی فیض، فراز، قاسمی، نور جہاں، مہدی حسن، نصرت فتح علی والا کلاسیکل کام نہیں پیدا ہو رہا۔ ہم نے ادارے بنائے نہیں بلکہ بنے ہوئے اداروں کو پامال کیا ہے۔ ہمارا ایمان اب شرافت پہ نہیں بلکہ رشوت پہ ہے جس سے انصاف تک خریدا جاتا ہے۔ ہمارے ہیروز بدل چکے ہیں۔ اب ہمارے ہیروز محمد بن قاسم اور صلاح الدین ایوبی نہیں بلکہ شاہ رخ خان اور رانی مکھرجی ہیں۔ ہم نے ان اٹھاون سالوں میں نہ کوئی شناخت بنائی اور نہ ہی اپنی الگ پہچان۔ ہماری شناخت اسلام سے تھی جسے اب بتاتے ہوئے ہم اب شرم محسوس کرتے ہیں۔ سرگم نے ٹھیک کہا کہ ہم سولہ کروڑ کی مسلمان قوم تو نہیں بن سکے، سولہ کروڑ کا ہجوم بن چکے ہیں، سولہ کروڑ کے تماش بین بن چکے ہیں۔ کاش ہمارے ''سلام پاکستان'' کہنے پہ ہمیں پاکستان کی طرف سے وعلیکم سلام کا جواب بھی ملتا۔ مگر ابھی تک ہم اور ہمارے ملک کے درمیان اتنی ہی اجنبیت ہے جتنی کہ فیض احمد فیض نے اپنے شعر میں بیان کی ہے کہ

ہم کہ ٹھہرے اجنبی اتنی ملاقاتوں کے بعد
پھر بنیں گے آشنا کتنی مداراتوں کے بعد؟

(جنگ 12 جون 2008ء)

موت کے منہ سے بچالیا

حضرت مولانا محمد صادق صاحب سماٹری اللہ تعالیٰ کی غیر معمولی تائید و نصرت اور معجزانہ حفاظت کا ایک ایمان افروز واقعہ بیان کرتے ہیں۔ یہ اس زمانہ کی بات ہے جب جنگ عظیم ثانی کے دوران جاپان نے اپنا تسلط انڈونیشیا تک وسیع کر لیا تھا۔ ان کے کامل اقتدار کا یہ عالم تھا کہ اپنی من مانی کارروائیاں کرتے۔ کسی کے متعلق ذرا سی بھی شکایت پہنچتی تو فوراً اس کی موت کا بہانہ بن جاتا۔ نہ کوئی تحقیق ہوتی نہ کوئی تفتیش۔ بس فیصلہ سنا دیا جاتا بلکہ عموماً فیصلہ سنانا بھی ضروری نہ سمجھا جاتا۔ فوراً ہی سزائے موت نافذ کر دی جاتی۔ آپ بیان فرماتے ہیں کہ دو شکایات کی بناء پر میرے متعلق جاپانی حکومت نے قتل کا فیصلہ کیا اور مذکورہ بالا پس منظر میں نہ اپیل کی گنجائش تھی اور نہ بچنے کی کوئی امید۔ ایک مومن کا واحد سہارا اس کا خدا ہوتا ہے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ سے دعا کی گئی تو اس نے بذریعہ خواب یہ اطلاع دی کہ جاپانی حکومت اپنے برے انجام کو پہنچنے والی ہے۔ یہ خواب اپریل 1945ء کی ہے۔ چند ماہ کے اندر اندر 14/اگست کو جاپانی حکومت نے ہتھیار ڈال دیئے۔ اس فیصلہ کا اعلان انڈونیشیا میں 22/اگست کو ہوا۔

